# رہبر معظم کا خبرگان کونسل میں گیلان کے نمائندے آیت اللہ امینیان کے انتقال پرتعزیتی پیغام - 12 /Jun/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے آستانہ اشرفیہ کے امام جمعہ اور خبرگان کونسل میں گیلان کے نمائندے آیت اللہ امینیان کے انتقال پرتعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

آستانہ اشرفیہ کے خدمتگزار اور فاضل امام جمعہ نیز خبرگان کونسل میں گیلان کے نمائندے حجۃ الاسلام والمسلمین جناب آقائ امینیان کے انتقال پر اس علاقہ کے عزیز و وفادار عوام ، مرحوم کے ارادتمندوں ، شاگردوں ، گیلان کے دانشوروں خصوصا مرحوم کے خاندان اور پسماندگان کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔ عالم جلیل القدر رفتار و عمل میں ادب ، اخلاق ، سنجیدگی اور علمی وزن کے لحاظ سے گیلان کا عظیم معنوی سرمایہ تھے اور مرحوم کے فقدان سے جو خلاء پیدا ہوگیا ہے امید ہے کہ اسے خطے کے دانشور اللہ تعالی کی توفیق سے پر کرنے کی کوشش کریں گے۔ انشا اللہ - میں اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ایـ

22 خرداد 1394